نوجوانوں میں علم کی تڑپ پیدا کرنے کی ضرورت کا احساس دلایا۔ اہل حدیث یوتھ فورس ضلع گجرات کے صدر جناب عبدالوہاب اور عمر بن خطابؓ اسلامی سینٹر کھڈیاں (قصور) کے مدیر جناب حافظ عتیق اللہ عمر نے بھی خطاب فرمایا۔ بعد میں تقریری مقابلہ میں حصہ لینے والوں میں انعامات تقسیم کئے گئے۔

مندرجہ ذیل سکولوں کے طلبہ نے مقابلہ میں حصہ لیا:

۱۔ گورنمنٹ ہائی سکول کالا گوجراں نمبر۲۔ ۲۔ اثریہ ہائی سکول ۳۔ پوسٹ گریجویٹ کالج ۴۔ کیمبری ہنسو (جامع) ہائی سکول ۵۔ ایف جی پبلک سکول جہلم کینٹ ۶۔ نیشنل فاؤنڈیشن ۷۔ پیس ہوم ۸۔ گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول ۹۔ بیکن ہاؤس ۱۰۔ گورنمنٹ ہائی سکول جہلم ۱۱۔ پاک پبلک ہائی سکول دینہ ۱۲۔ پی اے ایف کالج سرگودھا ۱۳۔ جامعہ علوم اثریہ جہلم

امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ: اول انعام، حماد احمد علی (اثریہ ہائی سکول) دوسرا انعام: امجد محمود (گورنمنٹ ہائی سکول کالا گجراں نمبر۲) تیسرا انعام: محمد مصدق بلال (ایف جی پبلک سکول جہلم کینٹ) یاد رہے کہ جامعہ علوم اثریہ کے پانچ طلبہ نے تقاریر تو کیں مگر انہیں انعام میں شامل نہ کیا گیا۔ انہیں اعزازی انعامات ارشد سیٹھی صاحب نے دیئے۔

## وفیات

## دو قابل رشک موتیں (استاد ریاض اور صوبیدار محمد مشتاق کی اموات)

پہلے شالی محلہ اور اب بلال ٹاؤن میں رہائش پذیر استاد محمد ریاض مورخہ ۷ اپریل کو مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں عشاء کی نماز پڑھتے ہوئے اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اس روز استاد ریاض صاحب اور زیب جیولرز والے اورنگزیب صاحب کے درمیان طے پایا کہ نماز عشاء چوک اہل حدیث میں باجماعت ادا کرنے کے بعد اپنے کسی عزیز کی شادی میں جائیں گے۔ پروگرام کے مطابق دونوں جماعت میں پہنچ گئے۔ مگر وہ پہلی صف میں دائیں جانب کھڑے تھے اور پہلی رکعت کی سورۃ فاتحہ کی قرأت ابھی ختم نہ ہوئی تھی کہ استاد ریاض صاحب کو اللہ کا بلاوا آ گیا اور ان کی یہ نماز ان کیلئے آخری نماز ثابت ہوئی۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔

دوسرا واقعہ اسی روز کوٹلہ آئمہ جہلم کی مرکزی جامع مسجد اہل حدیث کے ناظم مالیات صوبیدار محمد مشتاق بھی اپنی مسجد میں نماز ظہر باجماعت ادا کر رہے تھے کہ انہیں دل کی تکلیف شروع ہوگئی۔ نماز کے فوراً بعد انہیں سی ایم ایچ لے جایا گیا مگر وہاں پہنچتے ہی وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ جماعت کے یہ

دونوں ساتھی انتہائی متقی، پرہیزگار اور صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے اور ہر صورت جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی کوشش کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں یہ اعزاز بخشا کہ نماز کی حالت میں ہی انہیں اپنے پاس بلا لیا۔

## عامر سلیم علوی سیکرٹری جنرل اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کو صدمہ

عامر سلیم علوی، ناصر سلیم (ناصر کلاتھ ہاؤس کناری بازار جہلم) کے ماموں اور محمد سلیم علوی کے چچا زاد بھائی عبدالغفور علوی ۴ مارچ کو اسلام آباد میں وفات پا گئے۔ مرحوم سی ڈی اے اسلام آباد کے ڈپٹی ڈائریکٹر تھے اور نہایت ایماندار آفیسر تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے بیٹے شعیب علوی (ڈپٹی ایڈیٹر روزنامہ ''اوصاف'') اور دیگر لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

## رانا عطاء اللہ صاحب، رانا ثاقب اور محمد بلال کو صدمہ

رانا عطاء اللہ صاحب کے بیٹے، محمد بلال کے والد اور رانا ثاقب کے تایا جان رانا مقصود احمد مورخہ ۲۶ مارچ کو وفات پا گئے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ اڑھائی بجے دن ٹینکی والی گراؤنڈ بلال ٹاؤن میں ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ جس میں بھاری تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## اخلاق احمد صغیر صاحب کو صدمہ

شاندار چوک میں نیلام گھر والے اخلاق احمد صغیر صاحب کی ہمشیرہ مورخہ ۱۸ مارچ کو وفات پا گئیں۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ ان کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں ادا کی گئی۔

## حاجی محمد الیاس و آفتاب احمد اور سہیل احمد کھوکھر (پیراڈائز ٹریول) کو صدمہ

حاجی محمد الیاس کویتی کے چھوٹے بھائی ڈاکٹر ریاض احمد لاہور میں اچانک ہارٹ اٹیک سے مورخہ ۳۱ مارچ ۹ بجے شب انتقال کر گئے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ مرحوم نے ساری زندگی کویت گزاری تھی۔ چند سال قبل ڈیفنس لاہور میں آکر رہائش پذیر ہو گئے تھے۔ وہیں اپنے کلینک میں ہی اچانک ہارٹ اٹیک ہوا۔ اگلے روز صبح ۱۰ بجے صبح ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔

## خالد امین و آصف امین صاحبان کو دوہرا صدمہ

امین جنرل سٹور والے خالد امین و آصف امین کی والدہ محترمہ مورخہ ۲ اپریل کو وفات پا گئیں۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ ابھی ان کا یہ صدمہ ہلکا نہیں ہوا تھا کہ برطانیہ میں ان کے حقیقی چچا عبدالغفور صاحب

وفات پاگئے۔تقریباً ایک ماہ پہلے ہی مرحوم واپس برطانیہ گئے تھے۔ان کی غائبانہ نماز جنازہ مورخہ ۱۲ اپریل کومرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔

## خادم حسین پردیسی (جدہ) کو صدمہ

ہمارے جماعتی ساتھی اور جامعہ کیلئے بڑا درد دل رکھنے والے خادم حسین پردیسی کی والدہ محترمہ مورخہ یکم اپریل کوکھاریاں کے قریب اپنے آبائی گاؤں میں وفات پاگئیں۔إنا لله و إنا إليه راجعون ۔ خادم حسین صاحب بروقت اطلاع نہ ملنے پر جنازہ میں شرکت نہ کر سکے۔ بعد میں انہوں نے ٹیلیفون پر رئیس الجامعہ سے رابطہ کر کے نماز جمعہ کے بعد ان کیلئے دعا کی درخواست کی۔

## طاہر محمود و فضل الرحمٰن کو صدمہ

ہمارے جماعتی ساتھی فضل الرحمٰن سیٹھی و طاہر محمود کی ہمشیرہ نسیم بنت فضل الٰہی مرحوم مورخہ ۷ اپریل کو وفات پاگئیں۔إنا لله و إنا إليه راجعون ۔مرحومہ کراچی سے اپنے بھائیوں سے ملنے یہاں آئی ہوئی تھیں کہ ان کا وقت مقررہ آ پہنچا ۔ پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا۔ مرحومہ نے دینی تعلیم مدرسۃ البنات چوک اہل حدیث میں حاصل کی تھی۔ان کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں ادا کی گئی۔

## عباد الرحمٰن (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

اہل حدیث یوتھ فورس کوٹلہ آئمہ کے سرگرم کارکن عبدالرحمٰن کی والدہ محترمہ مورخہ ۲۴ اپریل کو وفات پاگئیں۔إنا لله و إنا إليه راجعون ۔ان کی نماز جنازہ کوٹلہ میں ادا کی گئی۔

## عبدالرزاق، عبدالرب اور عبدالرؤف کو صدمہ

جامع مسجد مبارک اہل حدیث مشین محلہ نمبر ۳ کے سابق صدر حاجی عبدالرحیم زرگر مرحوم کی بیوہ اور عبدالرب برادران کی والدہ محترمہ مورخہ ۲۵ اپریل بروز جمعہ کو انتقال کر گئیں۔إنا لله و إنا إليه راجعون ۔ مرحومہ کی نماز جنازہ بعد از نماز مغرب ادا کی گئی۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالٰی مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔قارئین سے ان کی مغفرتِ تامہ کی دعا کی درخواست ہے۔

# K.D.C GROUP OF INDUSTRIES (PVT) LIMITED.








پلائی وڈ، چپ بورڈ، وین بورڈ، زیبائشی اور سادہ فلش شیدہ، پلائی وڈ
سے تیار کردہ، سادہ اور وکٹورین ڈیزائنوں میں سیڑھیوں کے پائے،
ریلنگ کے لکڑی کے بلاک، دیواروں اور اندرونی چھتوں کے سادہ
اور زیبائشی پینل، ہر قسم کی کشتیوں سمیت ہلکے اور درمیانی درجہ
کے پل اور صنعتی اداروں میں استعمال ہونے والی قابل اعتماد
کمرشل واٹر پروف گلیو ہماری مصنوعات ہیں۔

KDC BOARDS
JHELUM

منجانب۔ میاں نعیم بشیر ڈائریکٹر کے۔ ڈی۔ سی گروپ آف انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ جہلم پاکستان

سیل ڈپو۔ بلال وڈ انڈسٹریز کے۔ ڈی۔ سی۔ بورڈز پرائیویٹ لمیٹڈ پی او بکس نمبر 3 جہلم۔ فون نمبر (0541) 620011-622348

سٹیٹ لائف بلڈنگ، میکلوڈ روڈ لاہور فون نمبر۔ (042) 7358681-7354738

مری روڈ راولپنڈی۔ فون نمبر۔ (051) 74926-73865



کمپوزنگ: بلال کمپیوٹر کمپوزنگ سنٹر نیلا بازار جہلم

E-mail: bilalcomuters@hotmail.com

# ایک نیک دل خاتون کا سانحۂ ارتحال!

محمد ارشد سیٹھی اور محمد اشرف عزیز کی ہمشیرہ حاجی عبدالعزیز طور مرحوم (ساہیوال) کی بیوہ محترمہ آپا زہرہ بیگم مورخہ ۱۹ مارچ کو اذان مغرب کے وقت مختصر علالت کے بعد اس فانی دنیا سے عالم بقاء کو سدھار گئیں۔ إنا لله و إنا إليه راجعون ۔ مرحومہ انتہائی متقیہ، پرہیزگار اور صوم وصلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں۔ بچپن ہی میں ان کے والدین نے ان کی تربیت بڑے دیندار ماحول میں کی۔ انہوں نے مکمل دینی تعلیم مدرسہ دارالحدیث للبنات چوک اہل حدیث میں بڑے بڑے جید علماء کرام سے باپردہ ماحول میں حاصل کی۔ ان کے اساتذہ کرام میں بالاکوٹ کے مشہور بزرگ بابا سعداللہ مرحوم، مولانا عبدالمجید دینانگری اور والد مرحوم حضرت حافظ عبدالغفور مرحومؒ کے نام نامی اسمائے گرامی شامل ہیں۔ اسی دینی تربیت کا نتیجہ تھا کہ انہوں نے اپنے بچوں کی تربیت پر خصوصی توجہ دی۔ اپنے ایک بیٹے کو حافظ قرآن بنایا۔ ان کے دوسرے بیٹے بھی دیندار اور متشرع ہیں۔ زندگی بھر انہوں نے بچیوں کو قرآن مجید باترجمہ وتفسیر پڑھایا۔ ساہیوال کی مشہور اہل حدیث مساجد میں وہ ہمیشہ گاہے بگاہے جمعہ پڑھنے جاتیں۔ مگر جب سے ان کی اپنی مسجد رحمان ٹاؤن میں جامعہ علوم اثریہ جہلم کے تعاون سے بن گئی اس کے بعد اسی مسجد میں ہی نماز جمعہ پابندی سے ادا کرتیں۔ وفات سے قبل والا جمعہ بھی انہوں نے مسجد میں ہی پڑھا۔ بعد میں وہ دیر تک مستورات کے ساتھ دینی مجلس قائم کرتیں۔ مورخہ ۲۰ مارچ ۱۰ بجے صبح ان کی نماز جنازہ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرشید راشد ہزاروی نے بڑے خشوع وخضوع سے پڑھائی۔ اس سے اگلے روز اکثر مساجد اہل حدیث میں خطباء نے خطبہ جمعہ میں مرحومہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے ساہیوال کی جماعتی اور دینی مستورات کیلئے ایک ناقابل تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے ان کیلئے دعائے مغفرت کی۔

پسماندگان میں احمد عزیز، حافظ عبدالرحمٰن، عبیدالرحمٰن، حاجی محمد صدیق، محمد سعید طور، عبداللطیف اور چار بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت ان کی بشری لغزشوں اور گناہوں سے درگزر کرتے ہوئے ان کی نیکیوں کو صدقات جاریہ میں بدل دے اور اولاد کو ان کیلئے صدقہ جاریہ بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین اللهم اغفر لها وارحمها